# باتوں باتوں میں جمع ۔ ا

- اکبر نے بادام کے ۱۴ درخت اور امرود کے ۲۱ درخت لگائے تو بتاؤ اُس نے کُل کتنے درخت لگائے؟

کیا دیا گیا ہے؟ بادام کے درخت اور امرود کے درخت
کیا پوچھا گیا ہے؟ کُل درخت
کیا کرنا ہے؟ جمع

| | اکائی | دہائی | |
|---|---|---|---|
| | ۴ | ۱ | بادام کے درخت |
| | ۱ | + ۲ | امرود کے درخت |
| | ۵ | ۳ | کُل درخت |

- عامر کے پاس ۱۵ غبارے ہیں اور ماریہ کے پاس ۲۱ غبارے ہیں۔ دونوں کے پاس کُل ملا کر کتنے غبارے ہیں؟

کیا دیا گیا ہے؟ ---------------------------
کیا پوچھا گیا ہے؟ ---------------------------
کیا کرنا ہے؟ ---------------------------

| | |
|---|---|
| | + |
| | |

---------------------------
---------------------------
---------------------------

## حل کرو :

- بھائی کے پاس ۱۵ روپے تھے۔ خالہ جان نے اسے ۲۰ روپے اور دیے تو بتاؤ اب بھائی کے پاس کتنے روپے ہو گئے؟
- الماری میں ۲۴ کتابیں تھیں، اس میں ۱۲ کتابیں اور رکھی گئیں تو بتاؤ الماری میں کُل کتنی کتابیں ہوئیں؟
- گھر میں ۱۸ ڈبے تھے۔ امّاں نے بازار سے ۱۱ ڈبے اور لائے تو بتاؤ اب گھر میں کُل کتنے ڈبّے ہوئے؟
- ساجد کے پاس ۲۴ انڈے ہیں اور ثانیہ کے پاس ۳۲ انڈے ہیں تو بتاؤ دونوں کے پاس ملا کر کُل کتنے انڈے ہوئے؟
- ماریہ کے پاس ۳۰ سکّے جمع ہیں اور مہک کے پاس ۲۴ سکّے ہیں تو بتاؤ دونوں کے پاس کُل ملا کر کتنے سکّے ہوئے؟

XW2TNN